ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

نوٹیفکیشن نمبر فیما (6)20(R)/2019-RB

01 فروری 2019

فارن ایکسچینج مینجمنٹ (ہندوستان سے باہر مقیم کسی شخص کے ذریعہ سیکوریٹی کا اجراء یا منتقلی (ترمیم) ریگولیشن 2019

ریزرو بینک آف انڈیا سے فارن ایکسچینج مینجمنٹ ایکٹ 1999 (فیما ایکٹ 1999) (1999 کا 42) کے سیکشن 6 کے سب سیکشن (3) کی کلاز (b) سیکشن 47 کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے فیما ریگولیشن 2017 (ہندوستان کے باہر مقیم کسی شخص کے ذریعہ سیکوریٹی کا اجراء یا منتقلی) میں مندرجہ ذیل ترمیمات کی ہیں (نوٹیفکیشن نمبر فیما مورخہ 7 نومبر 2017 20(R)/2017-RB)

(یہاں پر اس کو، دی پرنسپل ریگولیشنس کہا جائے گا)

1۔ چھوٹا ٹائٹل اور شروعات

(i) ان قوانین کو فیما ریگولیشن 2019 (ہندوستان کے باہر مقیم کسی شخص کے ذریعہ سیکوریٹی کا اجراء یا منتقلی) کہا جا سکتا ہے۔

(ii) یہ یکم/فروری 2019 سے نافذ ہوں گے۔

2۔ ریگولیشن 16.B میں ترمیم

16.B ریگولیشن میں

(i) موجودہ اس ایل نمبر (b) 15.2.3 میں لفظ ''ای کامرس اینٹٹی'' کا مطلب ہے ایک کمپنی جو کمپنیز ایکٹ 2013 کے تحت بنائی گئی ہے بدل دی جائے گی کے ذریعہ ''ای کامرس اینٹٹی'' کا مطلب ہے ایک کمپنی کا مطلب ہے کمپنیز ایکٹ 1956 یا کمپنیز ایکٹ 2013 کے تحت بنائی گئی کمپنی۔

(ii) موجودہ ایس ایل نمبر (h). 15.2.3. مندرجہ ذیل نام سے تبدیل کر دیا جائے گا:

''ای، کامرس اینٹٹی'' کے ذریعہ منڈی میں اشیاء کی فہرست پر اس کا نہ تو کوئی کنٹرول ہوگا اور نہ ہی یہ اس کی ملکیت ہوگی۔ مثال کے طور پر: اشیاء جن کو فروخت کرنے کی منشاء ہے۔

وضاحت: اگر ای۔ کامرس اینٹٹی یا اس کی گروپ کمپنیز کی منڈی میں دوکاندار کے ذریعہ 25% سے زیادہ خرید و فروخت ہوتی ہے تو ایسے دوکانداروں پر اس اینٹٹی کا کنٹرول ہوگا اور یہ تجارت انوینٹری بنیاد ماڈل کے تحت ہوگی۔

(iii) موجودہ ایس ایل نمبر (i) 15.2.3 مندرجہ ذیل نام سے تبدیل کر دیا جائے گا:

''کوئی اینٹٹی اگر ای۔ کامرس اینٹٹی یا اس کی گروپ کمپنیز کی منڈی میں ایکوٹی میں شریک ہوتی ہے یا ای۔ کامرس اینٹٹی یا اس کی گروپ کمپنیز

ان اشیاء پر اپنا کنٹرول رکھتی ہیں اپنی منڈی میں توان کو (کسی اینٹٹی کو) ای۔کامرس اینٹٹی کی منڈی میں اپنے پروڈکٹس کو فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

(iv) موجودہ ایس ایل نمبر (m) 15.2.3 مندرجہ ذیل نام سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

ای۔کامرس ادارے جو منڈی بنا رہے ہیں وہ براہ راست یا بالواسطہ کسی بھی اشیاء یا خدمات کی فروخت کی قیمت اپنا دباؤ نہیں ڈالیں گی۔ ان کو منڈی کی خودمختاری کا لحاظ رکھنا ہوگا۔ای۔کامرس اینٹٹی یا دوسرے اداروں کو جو ای۔کامرس منڈی میں براہ راست یا بالواسطہ ایکوٹی میں شریک ہیں ایسے دوکانداروں کو پوری سہولیات فراہم کرنا ہوں گی اس میں شفافیت کا خیال رکھنا ہوگا اور کسی بھی طرح سے بھید بھاؤ نہیں کرنا ہوگا۔

وضاحت: اس طرح کی خدمات (سرویز) میں دیرہاؤسنگ، ایڈورٹیزمنٹ/ مارکیٹنگ پیمنٹ، فائینسنگ وغیرہ شامل ہوں گی لیکن یہ خدمات صرف انہیں تک محدود نہیں ہوں گی۔ منڈی (مارکیٹ پلس) اینٹٹیز کی گروپ کمپنیوں کے ذریعہ خریداروں کو کیش بیک فراہم کرنے میں شفافیت کا دھیان رکھنا ہوگا اس میں کسی طرح کا بھید بھاؤ نہیں ہونا چاہئے۔اس کلاز کے مقصد کے لئے سرویز کے پراویزن جو کسی ویندر (دوکاندار) کے لئے ایسے نہ ہوں جو کہ دوسرے ویندرس کو نہیں حاصل ہوں انہیں حالات میں اگر ایسا ہوا تو وہ غلط وبھید بھاؤ والا تسلیم کیا جائے گا۔

(v) موجودہ ایس۔ایل نمبر 15.2.3 موجودہ کلاز (n) کے بعد ایک نئی کلاز (O) شامل کی جائے گی جس کو پکارا جائے گا۔

کوئی بھی ای۔کامرس منڈی اینٹٹی کسی فروخت کنندہ پر دباؤ نہیں ڈالے گی کہ وہ اپنا کوئی بھی پروڈکٹ صرف اسی پلیٹ فارم پر فروخت کرے۔

(vi) موجودہ ایس۔ایل نمبر 15.2.3 ایس میں کلاز (O) شامل ہونے کے بعد ایک نئی کلاز (P) میں شامل کی جائے گی جس کا نام ہوگا:
سبھی موجودہ انویسٹمنٹس اس نوٹیفکیشن کے اجراء کی تاریخ سے مندرجہ بالا شرائط پر عمل پیرا ہوں گے۔

اجے کمار مسرا
چیف جنرل منیجر

فٹ نوٹ:

سبھی پرنسپل ریگولیشنس جی ایس۔آر نمبر (E) 1374 مورخہ 7 نومبر 2017 کے سرکاری گزٹ میں پیرا II، سیکشن 3، سب سیکشن (i) میں شائع کئے گئے تھے اور مندرجہ ذیل ترمیم کی گئی ہے۔

جی۔ایس۔آر۔نمبر (E) 279 مورخہ 26 مارچ 2018

جی۔ایس۔آر۔نمبر (E) 520 مورخہ یکم رجون 2018

جی۔ایس۔آر۔نمبر (E) 823 مورخہ 30 اگست 2018

جی۔ایس۔آر نمبر (E) 78 مورخہ 31 جنوری 2019